# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/SU/02 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ**(Workplace) | صوبہ | **شعبہ**(Department) | عُشر |
| **منصب**(Designation) | صوبائی ذمہ دار | **جوابدہ**(Report to) | نگران مجلس |
| **کام**(Function) | زمینداروں اور کسانوں کو عشر (زمین کی پیداوار کی زکوۃ) کی ترغیب دینا، عشر جمع کرنا، زمینداروں اور کسانوں میں نیکی کی دعوت کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ کرنا | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | ڈویژن تا عشر ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. صوبہ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران مجلس کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ وئیر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا اور مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا اور تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. رکن شوریٰ و نگران مجلس کی طرف سے آمدن کے نیو ذرائع پر ورک کرنا، شعبے سے متعلقہ شرعی سوالات کے دارالافتاء اہلسنت سے فتاویٰ جات لینا نیز عاشقان رسول کی رہنمائی کرنا/کروانا۔
6. عشر کی اجناس کی حفاظت کروانا، سیل کرنا/کروانا، عشر کیلئے باردانہ خریدنا/خریدوانا اور بچ جانے کی صورت میں باردانہ سیل کرنا/کروانا۔
7. عشر کیلئے عارضی اجیر رکھنا نیز انہیں اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران اور عشر کے لیے رکھے گئے عارضی اجیروں کو شعبے کا مکمل نظام سمجھانے کا اہتمام کرنا۔
8. گاؤں دیہاتوں میں بااثر افراد کے درمیان مضبوط مبلغین کے ذریعے مدنی حلقے لگوانا نیز انہیں دعوت اسلامی کی دینی خدمات سے آگاہ کرنا/کروانا۔
9. دعوت اسلامی کو عشر دینے کیلئے عاشقانِ رسول کو ذہن دینا اور گاؤں، دیہاتوں کی مساجد میں شرعی و تنظیمی رہنمائی کے ساتھ عشر کا پینافلیکس (مسجد انتظامیہ کی اجازت سے) لگوانا۔
10. عشر کے لیے متعلقہ نگران ڈویژن/ڈسٹرکٹ مشاورت سے مل کر پیشگی تیاری کے ساتھ شیلر فلور ملز، پیٹرول پمپ، بر کس آڑت، پیسٹی سائیڈ اور کسانوں سے ملاقاتیں کرنا/کروانا۔
11. مختلف اناج، سبزیوں، پھلوں کا عشر نیز سائمہ جانوروں کی زکوۃ وصول کرنا/کروانا، شعبے کے تحت گھریلو صدقہ بکس رکھوانا اور عطیات (Donations) وصول کروانا۔
12. ماہانہ اور فصلوں کے موسم پر زمیندار/کسان اجتماعات کروانا بالخصوص بڑے زمینداروں پر انفرادی کوشش کرکے شرکت کروانا۔
13. زمیندار/کسان اجتماع کے بعد شعبے سے متعلق مکتبۃ المدینہ کے رسائل (مثلاً عشر کے احکام، کاشت کاروں کے لئے معلومات کا خزانہ) اور پمفلٹ تقسیم کروانا۔
14. شعبہ روحانی علاج کی معاونت سے فصلوں کی بیماریوں سے حفاظت کے لیے دعائے شفاء اجتماعات کروانا۔
15. بڑے زمینداروں اور کسانوں کو دعوتِ اسلامی کے فیضان مدینہ (مدنی مراکز)، جامعات المدینہ، مدارس المدینہ، دار المدینہ اور دارالافتاء اہلسنّت کا وزٹ (Visit) کروانا۔
16. عشر کے ایام میں شعبہ قافلہ کی معاونت سے ذمہ داران کے قافلوں کی سمتیں (Directions) عشر والے علاقوں کی طرف بنوانا۔
17. شعبے کے جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ (Implement) کرنا/کروانا۔
18. شعبے کے ایس او پیز (SOP's) اور جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/سمجھانا اور تنظیمی معلومات واپڈیٹس سے آگاہ رہنا
19. دعوت اسلامی کے اخراجات کو ماہانہ کی بنیاد پر خود کفیل کرنے کی کوشش کرنا۔
20. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
21. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
22. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
23. اپنے نگران کے ذریعے شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینے کے نظام کو مضبوط کرنا/کروانا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

منصب کی اہلیت میں متعلقہ رکن شوریٰ کی اجازت سے تبدیلی کی جا سکتی ہے

- **دنیاوی تعلیم**: بی اے/بی ایس سی (BA/BSC) + عشر اور فصلوں کے بارے میں معلومات ہو
- **دینی تعلیم**: درس نظامی + 12 دینی کام، اصلاح اعمال، فیضان نماز کورسز کیے ہوں

- متعلقہ شعبے میں کم از کم 4 سال کا تجربہ
- People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Leadership

## اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں میں شرکت فرمائیں۔
- بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال اور ہفتہ وار و بڑی راتوں کے اجتماعات میں پابندی سے شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی اس کی بھرپور ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃالمدینہ، مدرسۃالمدینہ، دارالمدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت فرمائیں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثرافراد سے ملاقات کریں۔
- مکتبۃالمدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ و دیگر کتب ورسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔